© rasailojaraid.com

اخبار الجامعۃ والجماعۃ

## جامع مسجد ابو بکر صدیقؓ اہل حدیث نکہ کلاں میں قرآن وسنت کانفرنس

مسجد کے افتتاح کے موقع پر نو تعمیر جامع مسجد ابو بکر صدیقؓ اہل حدیث نکہ کلاں پہلی سالانہ عظیم الشان قرآن وسنت کانفرنس منعقد ہوئی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبد الحمید عامر سفر حج کی وجہ سے اس کانفرنس میں شریک نہ ہو سکے۔ مہمانِ خصوصی محمود مرزا جہلمی تھے۔ کانفرنس سے قاری امانت الرحمٰن عثمانی ، مولانا عبد الغنی محمدی، قاری خالد مجاہد اور مولانا حافظ طارق محمود یزدانی نے خطاب کیا۔ قاری فدا الرحمٰن طیب نے نعتیہ کلام پیش کیا۔ کانفرنس میں گرد ونواح سے لوگوں نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

وفیات

## سیٹھی محمد جاوید و سیٹھی آفتاب جمیل اور سیف ادریس کو صدمہ

مورخہ یکم نومبر بروز اتوار سیٹھی محمد جاوید و سیٹھی آفتاب جمیل کی والدہ اور سیف ادریس کی خالہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ صوم وصلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## حاجی مقبول احمد (رائل جیولرز) کو صدمہ

مورخہ 11 نومبر بروز بدھ حاجی مقبول احمد کے بڑے بھائی غلام محی الدین وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں جہلم کے تاجروں کے علاوہ کثیر تعداد میں لوگوں نے شرکت کی۔

## عبد الماجد کوہتی اور سہیل کھوکھر کو صدمہ

مورخہ 16 نومبر بروز سوموار عبد الماجد کوہتی کے والد اور سہیل کھوکھر (پیراڈائز) کے سسر حاجی محمد الیاس کوہتی وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم صوم وصلوٰۃ کے پابند اور پارسا انسان تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد رمضان وخالد محمود (ڈھوک امب تحصیل سوہاوہ) کو صدمہ

مورخہ 17 نومبر بروز منگل محمد رمضان کی زوجہ محترمہ اور خالد محمود (ڈھوک امب تحصیل سوہاوہ) کی خالہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## محمد ارشد (گوجر خان) کو صدمہ

مورخہ 18 نومبر بروز بدھ محمد ارشد کے والد راجہ محمد سرور گوجر خان میں وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مرکزی جامع مسجد اہل حدیث گوجر خان کے مستقل نمازی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

## محمد امین (امین جنرل سٹور) وخالد امین اور عاطف امین کو صدمہ

مورخہ 29 نومبر بروز اتوار محمد امین (امین جنرل سٹور) کی بھابھی اور خالد امین وعاطف امین کی تائی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔

## ڈاکٹر عاطف جواد وڈاکٹر منصور قالب (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 10 دسمبر بروز جمعرات ڈاکٹر عاطف جواد اور ڈاکٹر منصور قالب کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مدیر الجامعہ حافظ احمد حقیق نے پڑھائی۔ جس میں جامعہ کے اساتذہ کے علاوہ جماعتی احباب نے شرکت کی۔

## ڈاکٹر ظفر محمود، محمد فاروق، ڈاکٹر عبد الرؤف ومحمد عثمان کو صدمہ

مورخہ 15 دسمبر بروز منگل ڈاکٹر ظفر محمود کی ممانی، محمد فاروق وڈاکٹر عبد الرؤف کی والدہ اور محمد عثمان کی دادی محترمہ جادہ میں وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

## ڈاکٹر محمد اقبال رانا و محمد آفتاب رانا و برادران کو صدمہ

مورخہ 21 دسمبر بروز سوموار ڈاکٹر محمد اقبال رانا و محمد آفتاب رانا کی والدہ محترمہ طویل علالت کے بعد وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ جامع مسجد علیا اہل حدیث کے نزدیک گراؤنڈ میں شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

## علی اصغر (ٹوگراں) کو صدمہ

مورخہ 30 دسمبر بروز بدھ علی اصغر کی پانچ ماہ کی چھوٹی بیٹی وفات پا گئی۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی جس میں جامعہ کے اساتذہ وطلباء کے علاوہ کثیر تعداد میں جماعتی احباب نے شرکت کی۔

## ڈاکٹر محمد اصغر و محمد خالد (سعیلہ) کو صدمہ

یکم جنوری بروز جمعۃ المبارک ڈاکٹر محمد اصغر و محمد خالد کے والد حاجی محمد اسلم وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم جامع مسجد مدنی اہل حدیث سعیلہ کینٹ کے مستقل نمازی تھے۔ مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## مرزا عبدالقدوس کو صدمہ

مورخہ 8 جنوری بروز جمعۃ المبارک مرزا عبدالقدوس کی دادی محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔ جس میں دور دراز سے کافی تعداد میں عوام الناس نے شرکت کی۔

## گلزار احمد (مشین محلہ نمبر 2) کو صدمہ

مورخہ 8 جنوری بروز جمعۃ المبارک گلزار احمد (مشین محلہ نمبر 2) کا بھتیجا وفات پا گیا۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ نماز جنازہ شیخ الحدیث مولانا محمد اکرم جمیل نے پڑھائی۔

## حاجی عبدالواحد و چوہدری عبدالأحد (حاجی آئمہ) کو صدمہ

مورخہ 9 جنوری بروز ہفتہ حاجی عبدالواحد و چوہدری عبدالأحد کی ہمشیرہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ حاجی آئمہ میں رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## مولانا خالد محمود، نصر اللہ و عطاء اللہ کو صدمہ

مورخہ 11 جنوری بروز سوموار مولانا خالد محمود خطیب حسن آباد جادہ کے ماموں سسر اور نصر اللہ و عطاء اللہ کے والد جناب رحمت اللہ انجینئر اچانک حرکت قلب بند ہونے کی وجہ سے وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مقامی جماعت کے بزرگوں میں شمار ہوتے تھے۔ انتہائی نیک اور بااخلاق انسان تھے۔ نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

## محمد الیاس ڈار و مطلوب حسین ڈار اور عبدالغفور اسد کو صدمہ

مورخہ 12 جنوری بروز منگل محمد الیاس ڈار کے بھائی مطلوب حسین ڈار کی اہلیہ محترمہ اور حافظ عبدالغفور اسد کی تائی ساس ایکسیڈنٹ ہونے کی وجہ سے وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ "حرمین" وجامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)



© rasailojaraid.com